سوال

(202) نماز عصر سے پہلے چار سنتیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نماز عصر سے پہلے چار رکعت سنت پڑھنا صحیح احادیث سے ثابت ہے ؟ (حافظ محمد سعد، ہری پور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سنن الترمذی (429) سنن ابن ماجہ (1161) میں علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ "کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصلی قبل العصر اربع رکعات" نبی ﷺ عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھتے تھے ۔ یہ روایت شواہد کے ساتھ حسن ہے ۔ دیکھئے الاوسط للطبرانی (276، 3/275ح2601) سنن الترمذی (430) وسنن ابی داوٗد (1271) میں ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سند سے روایت ہے کہ ((رحم اللہ امرا صلی قبل العصر اربعا)) اللہ اس آدمی پر رحم کرے جو عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھے ۔ اس کی سند حسن ہے ،اسے ابن خزیمہ (1193) اور ابن حبان ۔ الموارد (616) نے صحیح قرار دیا ہے ۔

امام اسحاق بن راہویہ کے نزدیک یہ رکعتیں سلام کے بغیر دو تشہدوں سے پڑھنا چاہئیں تاہم حدیث ((صلوة الیل والنہار مثنی مثنی)) (سنن ابی داود : 1295، سنن الترمذی : 597 وسندہ حسن)) کی رو سے بہتر یہی ہے کہ یہ چار رکعتیں دو دو کرکے دو سلاموں سے پڑھی جائیں ۔ (شہادت مئی 2004)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد 1 ۔ کتاب الصلاۃ ۔ صفحہ 419

محدث فتویٰ